12352-کیا غسل کے بعد باقی ماندہ منی خارج ہونے سے دوبارہ غسل واجب ہوجاتا ہے ؟

سوال

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ خاوند کے ساتھ جماع اور غسل کرنے کے کئ گھنٹے بعد میری منی خارج ہوتی ہے ، کیا اگر ایسا ہو تو مجھے دوباہ غسل کرنا ہوگا، یا کہ اپنے لباس سے منی دھوکر صرف وضوء ہی کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

غسل جنابت کے بعد خارج ہونے والے سائل مادہ کے متعلق شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا :

" غسل جنابت کے بعد یہ سائل مادہ نئ شہوت کے بغیر خارج ہو تو یہ اسی پہلی جنابت کا باقی ماندہ مادہ ہے ، اس سے اس پر غسل واجب نہیں ہوگا، بلکہ صرف وہ اسے دھوکر وضوء کرلے "

دیکھیں : فتاوی ابن عثیمین (222/11).

اور زاد المستقنع کی درج ذیل عبارت :

(اور اگر اس کے بعد خارج ہو تو وہ دوبارہ نہیں کرے گا)

کی شرح کرتے ہوئے شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

یعنی جب اس منی کے منتقل ہونے کی بنا پر اس نے جب غسل کرلیا تو پھر ملنے جلنے سے بعد میں منی خارج ہوئ تو وہ غسل دوبارہ نہیں کرے گا، اس کی دلیل یہ ہے کہ :

سبب ایک ہے، اس لیے دو غسل واجب نہیں ہوتے.

کیونکہ جب اس کے بعد خارج ہو تو وہ بغیر لذت کے خارج ہوگی، اور جب منی بغیر لذت کے خارج ہو تو غسل واجب نہیں ہوتا.

دیکھیں : الشرح الممتع (281/1).

واللہ اعلم.